# موسم کی صورتحال کے مطابق جنوبی پنجاب کے کاشتکاروں کے لئے زرعی سفارشات

ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان اور محکمہ موسمیات پاکستان اسلام آباد کا مشترکہ منصوبہ

1 سے 3 جون 2026

موسم کی موجودہ صورتحال کے مطابق جنوبی پنجاب کے اکثر اضلاع میں مطلع جزوی ابر آلود رہنے اور بارش کا امکان ہے۔ اس دوران دن کے وقت زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 37 سے 42 ڈگری سینٹی گریڈ جبکہ رات کو کم سے کم 26 سے 31 سینٹی گریڈ رہنے کا امکان ہے۔ ہوا کی اوسط رفتار 7 سے 22 کلومیٹر فی گھنٹہ رہنے کا امکان ہے۔ موسم کی موجودہ صورتحال کے مطابق زرعی سفارشات درج ذیل ہیں۔

## کپاس

موسم کی مناسبت سے لائنوں میں کاشتہ فصل میں پہلی آبپاشی بجائی کے 30 سے 35 دن بعد جبکہ پٹریوں پر کاشتہ فصل میں دوسرا، تیسرا، چوتھا پانی 6 سے 9 دن بعد لگائیں ۔فاسفورسی کھادیں بجائی کی بجائے چھدرائی کے فوراًبعد (20 سے 25 دن بعد) استعمال کریں۔ اگیتی کاشتہ کپاس میں گوڈی اور رجر کی مدد سے جڑی بوٹیاں کنٹرول کریں۔

## کماد

کماد کی آبپاشی کا وقفہ موسم کی مناسبت سے 10 سے 12 دن رکھیں۔ کماد میں تنے کے گرد مٹی چڑھانے سے پہلے گوڈی مکمل کریں۔ کماد کی ایسی فصل جو 90 سے 100 دن کی ہو چکی ہے وہاں نائٹروجنی کھاد کی آخری قسط مٹی چڑھاتے وقت ڈالیں۔ کماد کے گڑوووں کے انسداد کے لئے محکمہ زراعت کی سفارشات پر عمل کریں۔

## آم

حسبِ ضرورت آبپاشی جاری رکھیں۔ آم کے پودوں کو گرمی سے بچائیں اس سلسلے میں مئی سے جولائی کے دوران جڑی بوٹیوں کی تلفی نہ کریں۔ چھوٹے پودوں کو گرمی سے بچانے کے لئے باغ میں جنتر لگائیں اور جب جنتر 4 سے 5 فٹ کا ہو جائے تو اس کو اوپر سے کاٹ دیں۔ آم کی پھل کی مکھی کے کنٹرول کے لئے پودے کے نیچے گرے ہوئے پھل ہر دوسرے دن اٹھائیں اور باغ سے باہر دھوپ والی جگہ پر بکھیر دیں یا گرے ہوئے پھل کو گڑھا بنا کے زمین میں دفن کر دیں۔ جب تک پھل باغ میں موجود ہے صفائی کا خاص خیال رکھیں۔ نر مکھی کے تدارک کے لیئے میتھائیل یوجینال کے پھندوں کا استعمال کریں۔ ایک ایکڑ میں کم از کم 4 سے 6 جنسی پھندے لگائیں۔ اور یہ پھندے ہر دسویں دن تبدیل کریں۔ آم کے سکیل کے حملہ کی مانیٹرنگ کے لئے سایہ دار جگہ پر پھل کا بغور جائزہ لیتے رہیں۔ آم کے تیلے اور تھرپس کے تدارک کے لئے محکمہ زراعت کے عملہ کی مشاورت سے سپرے کریں۔ بیمار اور کمزور پودوں کی صحت کی بحالی کے لئے پودوں کی چھتری کے نیچے تنے سے 10 فٹ کے فاصلے پر کھالی (ٹرینچ) بنائیں۔ بڑے باغ میں نئے / چھوٹے پودوں میں حفظانی تہہ (ملچ) کے استعمال کو یقینی بنائیں۔ باغ میں زمینی لیول کو بہتر بنائیں۔